KANZ-UL-MADARIS BOARD

# موضوعات للبحوث العلمية

## 1447ه/ 2026م

لطلاب الباحثين

لنيل شهادة العالمية في العلوم العربية والسلامية

(ماجستير)

**تحت اشراف**

**كنز المدارس بورڈ**

KANZ-UL-MADARIS BOARD

1447ھ / 2026ء

# نتیجہ از ممتحن برائے عالمیہ

عنوانِ مقالہ ____________ عنوان نمبر ____________

نامِ اُمیدوار ____________ عالمیہ سال دوم کا رول نمبر ____________

نامِ ادارہ ____________ ڈویژن ____________

## نمبرات کی تقسیم کاری اور مختصر ملاحظات

| نمبر شمار | مقالہ کے حصے | مقررہ نمبر | حاصل کردہ نمبر | نمبر کم ہونے کی وجہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | فہرست عنوانات + ٹائٹل پیج | 10 | | |
| 2 | مقدمہ میں درج ذیل امور کا احاطہ ضروری ہے۔<br>تعارفِ موضوع، اہمیتِ موضوع، مقاصدِ تحقیق، اسبابِ انتخابِ موضوع، فرضیہ تحقیق، سابقہ تحقیقات کا جائزہ اور منہج تحقیق | 20 | | |
| 3 | صُلبِ موضوع (سوالات و اہداف کے مطابق موضوع پر تحقیق) | 120 | | |
| 4 | حواشی و حوالہ جات | 10 | | |
| 5 | موضوع کی بحث پر مبنی نتائج / خلاصہ بحث | 10 | | |
| 6 | موضوع پر مزید کام کرنے کی تجاویز | 10 | | |
| 7 | مقالہ میں وارد آیات و احادیث کی فہرست (آخر میں لگائیں) | 10 | | |
| 8 | فہرست مصادر و مراجع | 10 | | |
| | میزان | 200 | | |

مقالہ کے بارے میں ممتحن کے عمومی تاثرات: ____________

____________

____________

نامِ ممتحن ____________

دستخطِ ممتحن ____________

تاریخ ____________

**نوٹ:** مندرجہ بالا پر فارما کاپی کر کے اُمیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو اُمیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

# فهرس الموضوعات للبحوث العلمية

## لنيل درجة الشهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية

## التفسير وما يتعلق به

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| 1. | قرآن مجید کی جمع وتدوین کے مراحل (عہدِ صدیقی وعثانی کے تناظر میں) | قرآن عظیم کی حفاظت کا بیان، عہدِ نبوی میں حفاظتِ قرآن کی کیفیت، خلافتِ صدیقی میں جمع قرآن، خلافتِ فاروقی میں جمع قرآن، خلافتِ عثان غنی میں جمع قرآن، مستشرقین کے اعتراضات کے جوابات |
| 2. | عظمت وشانِ الٰہی (قرآن عظیم کے تناظر میں) | تعارفِ قرآن عظیم، عظمت وشانِ الٰہی مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| 3. | قرآن اور معجزاتِ انبیا علیہمُ الصّلوٰۃُ والسّلام | انبیائے کرام علیہمُ الصّلوٰۃُ والسّلام کی شان و عظمت، معجزہ کی تعریف، معجزاتِ حضرت آدم، حضرت نوح، حضرت ادریس اور حضرت موسیٰ علیہمُ الصّلوٰۃُ والسّلام کا بیان قرآن عظیم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| 4. | قرآن مجید اور معجزاتِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا بیان | سید المرسلین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شان و عظمت، معجزہ کی تعریف، آپ کے معجزات کا بیان قرآن عظیم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| 5. | کراماتِ اولیااور نصوصِ قرآنی | عظمت و شانِ اولیا رحمۃُ اللہِ علیہم، اولیا رحمۃُ اللہِ علیہم کی صفات، کراماتِ اولیا رحمۃُ اللہِ علیہم کی حقانیت کے دلائل، کراماتِ اولیا رحمۃُ اللہِ علیہم کا بیان قرآن کریم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| 6. | نکاح وطلاق سے متعلق قرآنی احکام و تعلیمات (تفسیراتِ احمدیہ کی روشنی میں) | ملا جیون رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تفسیراتِ احمدیہ کا تعارف واسلوب، نکاح وطلاق سے متعلق قرآنی احکام وتعلیمات تفسیرات احمدیہ کی روشنی میں |
| 7. | آدابِ معاشرت (نصوص قرآنی کی روشنی میں) | قرآن کریم سر چشمہ ہدایت، آدابِ معاشرت (والدین کے ساتھ حسن سلوک، صلۂ رحمی، ہمدردی، ایمانداری، سچائی اور وقت کی پابندی وغیرہ محسنات اور جھوٹ، فحش کلامی، برے القابات، قطع رحمی، دھوکا دہی، وقت کا ضیاع وغیرہ مذمومات سے بچنا) قرآن کریم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| 8. | آدابِ گفتگو (سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ الحجرات کی روشنی میں اختصاصی مطالعہ) | قرآنی تعلیمات میں جامعیت وآفاقیت، آدابِ گفتگو سورۃ بنی اسرائیل وسورۃ الحجرات اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| 9. | سورۃ البقرۃ میں بنی اسرائیل کے واقعات (تفاسیر ماثورہ کی روشنی میں) | تفسیرِ ماثور کی تعریف، مشہور تفاسیر ماثورہ کا تعارف، بنی اسرائیل کے واقعات سورۃ البقرۃ کی آیات اور تفاسیر ماثورہ کی روشنی میں |
| 10. | قرآنی مقامات (ایک تعارفی مطالعہ) | قرآن عظیم میں مختلف اقوام کے احوال وانجام کا بیان اور اس کی حکمتیں، قرآن عظیم میں مذکور مقامات کا جغرافیائی تعارف اور یہاں پیش آنے والے اہم تاریخی واقعات |

| | | |
|---|---|---|
| .11 | رجال القرآن<br>(ایک تعارفی جائزہ) | قرآن پاک میں مذکور رجال کی تعداد کا بیان، آیات کی نشاندہی، انبیا و مرسلین علیہم الصّلوٰۃ والسّلام کا مختصر تعارف اور دیگر افراد کا تفصیلی تعارف |
| .12 | نساء القرآن<br>(ایک تعارفی جائزہ) | قرآن پاک میں مذکور خواتین کی تعداد کا بیان، آیات کی نشاندہی، ان خواتین کا تعارف |
| .13 | قرآن مجید میں مذکور مساجد کا تعارفی مطالعہ | مساجد کی اہمیت و افادیت، تعمیر مسجد کے فضائل، مساجد کے آداب، قرآن مجید میں مذکور مساجد کا تعارف |
| .14 | قرآن شریف اور صبر و شکر کی تعلیمات | نزول قرآن کا مقصد، قرآن عظیم کی ہدایات کا اجمالی خاکہ، صبر و شکر سے متعلق تعلیمات و فضائل قرآن شریف اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .15 | "چہار قل" ایک تعارفی مطالعہ<br>(دو عربی اور دو اردو تفاسیر کی روشنی میں) | سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کا تعارف، فضائل، مضامین، شان نزول اور تفسیری نکات |
| .16 | حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام<br>(اسلامی اور عیسائی نظریات کا تقابلی جائزہ) | حضرت عیسی علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا تعارف، آپ سے متعلق اسلامی اور عیسائی نظریات مثلاً عقیدۂ الٰہ، تثلیث، ارتفاع اور حیات وغیرہ کا تقابلی جائزہ |
| .17 | تعارفِ حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام | شان و عظمتِ انبیا علیہمُ الصّلوٰۃ والسّلام، حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا تعارف، معجزات، واقعات و تعلیمات قرآن کریم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .18 | عہدِ نبوی کی جنگیں<br>(سورۃ الانفال کی روشنی میں) | جہاد سے متعلق اسلامی احکام، عہد نبوی میں ہونے والے غزوات و سرایا کا مختصر تعارف، سورۃ الانفال میں مذکور عہد نبوی کی جنگوں کا بیان مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .19 | قرآن مجید میں مذکور مشرکین مکہ کے باطل عقائد اور ان کی تردید<br>(تفسیرِ مفاتیح الغیب کی روشنی میں) | امام فخر الدین رازی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تفسیرِ مفاتیح الغیب کا تعارف، قرآن مجید میں مذکور مشرکین مکہ کے باطل عقائد اور ان کی تردید |
| .20 | حقوق العباد<br>(سورۃ النساء آیت نمبر 36 کے تناظر میں) | حقوق العباد کی اہمیت، مختلف طبقات (والدین، زوجین، اساتذہ، اولاد وغیرہ) کے حقوق کا بیان قرآن کریم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .21 | والدین کے حقوق و آداب<br>(قرآنِ کریم کی روشنی میں) | حقوق العباد کی اہمیت، والدین کے حقوق کا بیان قرآن کریم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .22 | مرد و عورت کے لیے پردے کے متعلقہ قرآنی تعلیمات<br>(عصرِ حاضر کے مسائل کے تناظر میں) | مرد و عورت کے مابین پردے کی ضرورت و اہمیت، پردے کے متعلقہ قرآنی تعلیمات مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .23 | توبہ سے متعلق قرآنی تعلیمات | تفسیرِ مظہری کا تعارف و اسلوب، توبہ کا معنی و مفہوم، آداب و فضائل، توبہ سے متعلق قرآنی تعلیمات |

| | | |
|---|---|---|
| | (تفسیر مظہری کی روشنی میں) | تفسیرِ مظہری کی روشنی میں |
| .24 | تقویٰ سے متعلق نصوصِ قرانی (تفسیرِ طبری کی روشنی میں) | تفسیرِ طبری کا تعارف و اسلوب، تقویٰ کا معنی و مفہوم، تقویٰ سے متعلق نصوصِ قرآنی کی توضیح تفسیرِ طبری کی روشنی میں |
| .25 | تجارت سے متعلق قرآنی احکام (احکام القرآن للجصاص کی روشنی میں) | امام جصاص کا تعارف، احکام القرآن للجصاص کا تعارف، تجارت سے متعلق قرآنی احکام و تعلیمات احکام القرآن للجصاص کی روشنی میں |
| .26 | حدود اللہ کا بیان (احکام القرآن للطحاوی کی روشنی میں) | امام طحاوی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، احکام القرآن للطحاوی کا تعارف، جرائم پر سزاؤں کی حکمتیں، حدود اللہ سے کیا مراد ہے؟ تعارف و اقسام کا مختصر بیان، حدود اللہ سے متعلق قرآنی احکام و تعلیمات احکام القرآن للطحاوی کی روشنی میں |
| .27 | عظمت و فضائلِ صحابہ کرام رضی اللہُ عنہم | صحابہ کرام رِضوانُ اللہِ علیہم اجمعین کے بارے اسلامی عقائد و نظریات، صحابہ کرام رِضوانُ اللہِ علیہم اجمعین کی عظمت و فضائل میں وارد آیاتِ قرآنیہ اور ان کی توضیح مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .28 | عظمت و فضائلِ اہلِ بیتِ کرام رِضوانُ اللہِ علیہم اجمعین | اہلِ بیتِ کرام رضی اللہُ عنہم کے بارے اسلامی عقائد و نظریات، اہلِ بیتِ کرام کی عظمت و فضائل میں وارد آیاتِ قرآنیہ اور ان کی توضیح مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .29 | نِعَمُ الجنّۃ | جنت کے بارے اسلامی عقائد و نظریات کا مختصر بیان، جنتی نعمتوں کا بیان قرآن عظیم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .30 | فضائلِ علم و علما (تفسیرِ روح البیان کی روشنی میں) | علامہ اسماعیل حقی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تفسیرِ روح البیان کا تعارف واسلوب، فضائل علم و علما قرآن عظیم اور تفسیرِ روح البیان کی روشنی میں |
| .31 | سورۃ یٰس اور سورۃ الملک (ایک تعارفی مطالعہ) | سورۃ یٰس اور سورۃ الملک کا تعارف، فضائل، مضامین، تفسیری نکات |
| .32 | ناسخ و منسوخ آیات (ایک اختصاصی مطالعہ) | نسخ کا معنی و مفہوم، نسخ کی اقسام، ثبوت نسخ کے دلائل، منسوخ آیات کی تعداد کے بارے ائمہ کی آرا، ناسخ و منسوخ آیات کا بیان |
| .33 | اعجاز القرآن کی جہات کا تعارفی مطالعہ (کتب علوم القرآن کی روشنی میں) | قرآن عظیم کا تعارف و مقصد نزول، معجزہ کی تعریف، قرآن عظیم کے معجزہ ہونے کے دلائل، اعجاز القرآن کی جہات مع امثلہ و توضیح |
| .34 | سورۃ آل عمران کی صوفیانہ تفسیر (تفسیرِ نعیمی کی روشنی میں اختصاصی مطالعہ) | مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، صوفیانہ تفاسیر کا تعارف، تفسیرِ نعیمی کا تعارف و اسلوب، تفسیرِ نعیمی میں مذکور صوفیانہ تفسیر کا اختصاصی مطالعہ، اہم مقامات کا ذکر مع توضیحی نوٹس |
| .35 | قرآنی ضرب الامثال (مستند تفاسیر کی روشنی میں) | ضرب الامثال، تعریف، اقسام، فوائد اور حکمتیں، قرآنی ضرب الامثال اور ان کی حکمتیں مستند تفاسیر |

| | | |
|---|---|---|
| | | کی روشنی میں |
| .36 | قرآن میں مذکور قسموں کا بیان | قسم کی تعریف، اقسام، مقاصد، قسم کے ذکر کرنے کی حکمتیں اور فوائد، اللہ کریم کے قسمیں یاد فرمانے کا معنی، قرآن میں مذکور قسموں کی نشاندہی، ان آیات طیبہ کی توضیح مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .37 | یہودیوں کی برائیاں اور ان کی مذمت | یہود کا تعارف، یہود کی برائیاں اور ان کی مذمت قرآن عظیم اور مستند تفاسیر کی روشنی میں |
| .38 | "علم القرآن" کا اختصاصی مطالعہ | مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، آپ کی قرآنی خدمات، کتاب "علم القرآن" کا تعارف، اسلوب، خصوصیات، اہم مباحث مع تعارفی نوٹس |
| .39 | تفسیر تعلیم القرآن کا تعارفی جائزہ | مفتی قاسم قادری صاحب زید مجدہ کا تعارف، آپ کی قرآنی خدمات، تفسیر تعلیم القرآن کا تعارف، اسلوب، خصوصیات، اہم مباحث مع تعارفی نوٹس |
| .40 | علوم قرآن کی اقسام کا تجزیاتی مطالعہ (الاتقان فی علوم القرآن کی روشنی میں) | علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، کتاب "الاتقان فی علوم القرآن" کا تعارف، علومِ قرآن کی اقسام کا تجزیاتی مطالعہ |
| .41 | معروف قراء کرام کا تعارفی مطالعہ (عہدِ صحابہ، تابعین اور تبع تابعین میں) | قراءتِ قرآن عظیم کے فضائل و آداب، معروف قراء صحابہ رضی اللہ عنہم کا تعارف، معروف قراء تابعین رحمۃ اللہ علیہم کا تعارف، معروف قراء تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم کا تعارف |
| .42 | تفسیری حاشیہ "انوارُ الحرمین" کا تعارفی جائزہ | مفتی فاروق عطاری رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، حاشیہ جلالین بنام "انوار الحرمین" کا تعارف، اسلوب، خصوصیات، اہم مباحث مع تعارفی نوٹس |
| .43 | تناسقُ الدرر فی تناسب السور (ایک اختصاصی مطالعہ) | تعارف علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی قرآنی خدمات کا بیان، کتاب "تناسق الدرر" کا تعارف و اسلوب، کتاب کی اہم مباحث کا ترجمہ مع تعارفی نوٹس |

## الحديث وما يتعلق به

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .44 | إرشاد الساری (ایک تعارفی مطالعہ) | مصنف و تصنیف کا مختصر پس منظر، بخاری شریف کی شرح میں اختیار کردہ اسلوبِ ترتیب، فقہی فوائد پر مرکوز حاشیوں کی جھلک |
| .45 | "شرح المقاصد" (باب السمعیات کا ایک تعارفی جائزہ) | مصنف و تصنیف کا تعارف، عقائد کے ابواب میں استشہادِ حدیث کی مثالیں، حجت کا انداز اور حوالہ جات، طلبۂ علمِ کلام کے لیے مختصر رہنمائی |
| .46 | "مدارج النبوۃ" میں ذکرِ احادیث کا منہج و اسلوب | مصنف کا مختصر تعارف، تالیف کا مقصد اور ابواب کی بنیادی ترتیب، احادیث کے ذکر میں سند کا اختصار اور متن کی سادہ روایت |
| .47 | "عمل الیوم واللیلۃ للنسائی" (ایک تعارفی و منہجی مطالعہ) | مصنف کا مختصر تعارف اور کتاب "عمل الیوم واللیلۃ" کی تدوینی غرض اور عملی افادیت کا بیان |

| | | |
|---|---|---|
| .48 | رسالہ "منیرالعین" (ایک اختصاصی مطالعہ) | رسالہ کا تصنیفی پس منظر، مقصدِ تالیف، اصولی نکات میں اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کا منہج و طرزِ استدلال، برصغیر میں اصولِ حدیث کی تدریس وترویج پر اس رسالے کے اثرات |
| .49 | "بہارِ شریعت" میں حدیثی استدلال کا اسلوب اور منتخب مثالیں | "بہارِ شریعت" میں حدیثِ نبوی سے استدلال کے ضمن میں صدر الشریعہ رحمۃُ اللہِ علیہ کا اندازِ حوالہ وترجیح، فقہی مسائل میں حدیث کے استعمال کی منتخب مثالیں |
| .50 | محدثِ اعظم پاکستان مولانا سردار احمد قادری رحمۃُ اللہِ علیہ کی حدیثی خدمات | مولانا سردار احمد قادری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، ان کے دروسِ حدیث اور اسنادِ روایت کا تعارف، ان کی حدیثی خدمات کی علمی اہمیت |
| .51 | "مراۃ المناجیح" سے "کتابُ الایمان" اور "کتابُ العلم" کا بیان (ایک اختصاصی و موضوعاتی مطالعہ) | کتاب و مصنف کا تعارفی پس منظر، "کتابُ الایمان" اور "کتابُ العلم" سے متعلق احادیث کی شرح میں فقہی و اعتقادی نکات کا تجزیہ، موضوعات کے بیان میں مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃُ اللہِ علیہ کے اسلوب، استنباط اور سلاستِ تحریر کا جائزہ |
| .52 | "شرح بخاری از علامہ عبد الحکیم اختر شاہجہانپوری رحمۃُ اللہِ علیہ" کا منہج و اسلوب | مصنف اور شرح بخاری کا تعارف، منتخب مثالوں کے ذریعے دلائل کی نوعیت، وضاحت اور ترتیب کے منہج و اسلوب کا تجزیاتی مطالعہ |
| .53 | الجامع الصغیر للسیوطی (ایک تعارفی مطالعہ) | مصنف اور کتاب کا تعارف، مقصدِ تالیف، "الجامع الصغیر" کی تدوینی خصوصیات اور ترتیبِ احادیث کا جائزہ، مختصر احادیث کے انتخاب میں امام سیوطی رحمۃُ اللہِ علیہ کا اسلوب |
| .54 | "جذبُ القلوب الی دیار المحبوب" میں مذکور احادیثِ فضائلِ مدینہ (ایک موضوعاتی مطالعہ) | مصنف کا مختصر تعارف اور کتاب کی تالیفی غرض پر اجمالی روشنی، فضائلِ مدینہ سے متعلق احادیث کی مجموعی تعداد، ترتیب اور موضوعاتی درجہ بندی کا بیان |
| .55 | فتاویٰ رضویہ میں حدیثی دلائل کا منہج و اسلوب (طہارت و نماز کے منتخب فتاویٰ) | فتاویٰ رضویہ کا مختصر تعارف اور اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کا فقہی مقام، طہارت و نماز کے منتخب فتاویٰ میں حدیث پیش کرنے کا منہجی اسلوب |
| .56 | "فتاویٰ امجدیہ" میں حدیثی دلائل کا منہج و اسلوب (طہارت و معاملات کے منتخب فتاویٰ) | مصنف کا مختصر تعارف اور "فتاویٰ امجدیہ" کی فقہی قدر، فتاویٰ میں ہر مسئلے پر حدیث کا متن ذکر کر کے مختصر تخریج وترجیح کا منہج، طہارت و معاملات کے منتخب فتاویٰ میں حدیثی استدلال کی مثالیں |
| .57 | تفسیر القرآن بالحدیث کا منہج (تفسیرِ نعیمی کا اختصاصی مطالعہ) | مصنف اور "تفسیرِ نعیمی" کا مختصر تعارف، منتخب آیات کے تحت حدیثِ صحیح یا حسن لا کر تفسیر القرآن بالحدیث کا واضح منہج، منتخب مقامات میں احادیث کے ذریعے قرآنی مفاہیم پر روشنی اور آسان اردو بیان |

| | | |
|---|---|---|
| .58 | "انوارُ الحدیث" کے منہج و اسلوب کا تعارف (ایک اختصاصی مطالعہ) | مفتی جلال الدین امجدی رحمۃُ اللہِ علیہ کا مختصر تعارف اور تصنیف "انوارُ الحدیث" کی تالیفی غرض، ابواب کی ترتیب میں عقائد، عبادات اور اخلاق پر مشتمل مختصر احادیث کا انتخاب، ہر حدیث کے بعد آسان اردو شرح، لغوی وضاحت اور فقہی فائدہ بیان کرنے کا منہج، تخریج میں مختصر حوالہ اور درجۂ صحت بتانے کا اسلوب |
| .59 | مولانا فیض احمد اویسی رحمۃُ اللہِ علیہ کی حدیثی خدمات | مصنف کا تعارف اور درسِ حدیث میں علمی و عملی خدمات |
| .60 | علامہ ارشد القادری رحمۃُ اللہِ علیہ کی تصانیف میں حدیثی اصطلاحات کا استعمال اور ان کا تعارفی مطالعہ | مصنف کا مختصر تعارف اور تصانیف کا اجمالی خاکہ، ہر کتاب میں حدیثی اصطلاحات کے استعمال کی مثالوں کا بیان، طلبہ کو اصولِ حدیث سے آشنا کرنے میں ان تصانیف کی افادیت |
| .61 | نُزهةُ النَّظر في توضيح نخبة الفكر (ایک تعارفی و منہجی مطالعہ) | مصنف کا مختصر تعارف اور کتاب کا مقصد، حافظ ابن حجر رحمۃُ اللہِ علیہ کا صحیح، حسن، ضعیف و موضوع وغیرہ کی درجہ بندی اور علل و شذوذ کے اصول کو یکجا بیان کرنا، قواعد و تعریفات کو فہرست وار پیش کر کے مثالیں کم اور اصول زیادہ واضح کرنا |
| .62 | المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج (بابُ الایمان کا موضوعاتی مطالعہ) | مصنف کا مختصر تعارف اور شرح مسلم کی علمی حیثیت، "باب الایمان" میں احادیث کی تعداد و ترتیب کا اجمالی ذکر، امام نووی رحمۃُ اللہِ علیہ کی شرح میں ایمان کی تعریف، ارکان اور مراتب کی وضاحت |
| .63 | عُمدةُ القاری (کتابُ الصلاۃ کا موضوعاتی مطالعہ) | مصنف اور "عُمدۃ القاری" کا مختصر تعارف، "کتابُ الصلاۃ" میں باب وار ترتیب اور احادیث کی مجموعی تعداد کا اجمالی ذکر، طلبہ کے لیے فقہ و حدیث کے ربط کو سمجھنے اور عملی مسائل میں استدلال کی سہولت |
| .64 | مرقاةُ المفاتيح (کتابُ الطہارۃ کا موضوعاتی مطالعہ) | مصنف کا مختصر تعارف اور "مرقاۃ المفاتیح" کی شرحی قدر، "کتابُ الطہارۃ" میں ابواب کی ترتیب اور احادیث کی مجموعی تعداد کا اجمالی ذکر، طلبہ کے لیے طہارت کے مسائل میں حدیث و فقہ کے ربط کو آسانی سے سمجھنے کی افادیت |
| .65 | تنبيهُ الغافلين (احادیثِ مواعظ کا موضوعاتی مطالعہ) | مصنف اور کتاب کا مختصر تعارف، احادیثِ مواعظ کو تقویٰ و حسنِ اخلاق جیسے موضوعات کے تحت مرتب کرنا، ہر روایت کے بعد مختصر سند و سادہ نصیحت بیان کرنا |
| .66 | "طبقاتُ الشافعية الكبرى" میں محدثین کے تذکرہ کا منہج و اسلوب | مصنف اور "طبقات الشافعیۃ" کا مختصر تعارف، محدثین کے تذکرے میں نسب، شیوخ و تلامذہ اور ثقاہت کو مختصر ترتیب سے پیش کرنا، حوالۂ مصادر و اسانید کی فوری نشاندہی |
| .67 | علمُ الحدیث کا ارتقائی تعارف (دورِ نبوی سے 500ھ تک کا جائزہ) | نزولِ وحی کے ساتھ حفظ و روایت کا آغاز، عہدِ خلافت میں تحریری توثیق و اسنادِ سماع کی بنیاد، دورِ تابعین میں اَجزا و صحیفہ نویسی اور اسنادِ اتصال کی شرط، دورِ تدوین سے 500ھ تک کا جائزہ |

| | | |
|---|---|---|
| .68 | اصولِ حدیث کی تدریسی ترتیب (برِ صغیر میں رائج نصابِ درس نظامی کا اختصاصی مطالعہ) | درسِ نظامی میں اصولِ حدیث کے نصابی سفر کا مختصر خاکہ، "المقدمة للشیخ عبد الحق المحدث الدهلوی" سے "نزهة النظر" تک کی کتب کے منہج و اسلوب کا بیان |
| .69 | احادیثِ آحاد کی اقسام (ایک تعارفی مطالعہ) | خبر واحد کی تعریف، فنی تقسیم میں غریب، عزیز اور مشہور کا مختصر بیان، اصولی اعتبار سے حجیتِ خبرِ واحد اور قبولیت کی شرائط کا اجمالی ذکر |
| .70 | روایت بالمعنی کے جواز کی شرائط (ایک تحقیقی مطالعہ) | روایت بالمعنی کی تعریف، قبولیت کی شرائط کا ذکر، ائمہ ناقدین کی تنبیہ |
| .71 | محدثین کے ہاں حدیثِ شاذ اور منکَر کے امتیازات (ایک اختصاصی مطالعہ) | حدیثِ شاذ اور منکَر کی اصطلاحی تعریف اور بنیادی فرق، محدثین کے طے کردہ امتیازی معیارات جیسے مخالفتِ اوثق اور تفردِ راوی کا بیان، درسی کتبِ اصولِ حدیث "نزهة النظر" وغیرہ کی مثالوں سے شاذ و منکَر کی تطبیق |
| .72 | برِ صغیر میں اصولِ حدیث پر لکھی گئی اہم درسی و تحقیقی کتب کا تعارفی و تدریسی جائزہ | بر صغیر میں اصولِ حدیث کی اوّلین درسی تصانیف کا زمانی تعارف، بعد کے تحقیقی ذوق کی حامل کتب کی درسی و محققانہ زمروں میں تقسیم، مصنّفین کا سادہ اسلوب اور عربی اصطلاحات کی توضیح |
| .73 | امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا "الجامع الکبیر" میں درجۂ صحت و علت بیان کرنے کا منہج و اسلوب | مصنف اور "الجامع الکبیر" کا مختصر تعارف، احادیث پر امام ترمذی کا درجۂ صحت و علت بیان کرنے کا منہج |
| .74 | "سنن النسائی" میں احادیث کی صحت وضعف کا بیان (ایک تعارفی مطالعہ) | مصنف اور "سننِ نسائی" کا مختصر تعارف، ہر حدیث کے بعد درجۂ صحت و علت ذکر کر کے حنفی و شافعی اقوال کی تطبیق کا اسلوب |
| .75 | امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اور اصولِ ترجیحِ احادیث (شرح صحیح مسلم کا اختصاصی مطالعہ) | مصنف اور "شرح مسلم" کا مختصر تعارف، ترجیح حدیث کے اصول مثلاً جمع، نسخ اور حمل مطلق علی المقید کو اجمالاً بیان کرنا، منتخب مقامات جہاں امام نووی رحمۃ اللہ علیہ متعارض روایات میں ترجیح دیتے ہیں ان کی مثالیں پیش کرنا |
| .76 | شہری معاشرت میں پڑوسی کے حقوق ("صحیح البخاری" کی "کتابُ الادب" کا موضوعاتی مطالعہ) | صحیح بخاری کی "کتابُ الادب" میں حقوقُ الجار سے متعلق احادیث کا مختصر تعارف، شہری تناظر میں پڑوسی کے جان و مال اور عزّت کے تحفظ پر نبوی ہدایات کا موضوعاتی تجزیہ |
| .77 | خاندانی رشتوں کے استحکام کے لیے | صحیح مسلم کی "کتابُ البرّ والصلة" میں صِلۂ رحمی پر وارد احادیث کا مختصر تعارف، قطعِ رحمی کی مذمت |

| | | |
|---|---|---|
| اور رشتہ داروں کے ساتھ احسان، ایثار و دعا کے عملی اصول، صِلۂ رحمی کے فروغ کی عملی سفارشات | صِلۂ رحمی کی ضرورت واہمیت ("صحیح مسلم" کی "کتابُ البِرّ والصلة" کا موضوعاتی مطالعہ) | |
| صحیح مسلم کی "کتابُ الاشربۃ" میں خمر و نشہ آور اشیا کی حرمت پر وارد احادیث کا مختصر تعارف، حدیثی دلائل میں عقل و صحت کے تحفظ اور اجتماعی ضرر کے اصول کا موضوعاتی تجزیہ، جدید منشیات، الکوحل اور ویپنگ جیسی صورتوں کو حدیثی معیارِ تحریم پر منطبق کرنا | صحتِ عامہ اور نشہ آور اشیا کی روک تھام کا سماجی جائزہ ("صحیح مسلم" کی "کتابُ الأشربة" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | .78 |
| سنن ابی داؤد کی "کتابُ البیوع" میں منصفانہ تجارت سے متعلق احادیث کا مختصر تعارف، ناپ تول میں کمی، دھوکہ دہی اور ذخیرہ اندوزی کی ممانعت پر نبوی اصولوں کا موضوعاتی تجزیہ، جدید صارفین کے حقوق جیسے درست معلومات، معیاری سامان اور منصفانہ قیمت کو حدیثی ہدایات سے تطبیق | منصفانہ تجارت اور صارفین کے حقوق کا سماجی جائزہ ("سنن ابی داؤد" کی "کتابُ البیوع" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | .79 |
| سنن ابی داؤد کی "کتابُ الملاحم" میں فتنوں سے متعلق احادیث کا مختصر تعارف، نبوی پیشن گوئیوں میں سماجی فتنوں کا بیان، جدید سماجی میڈیا کے فروغِ افواہ اور سیاسی انتشار کو حدیثی رہنمائی سے قابو کرنے کی تطبیقی تجاویز، فتنہ شناسی اور سدِّباب کی عملی حکمتِ عملی | سماجی فتنوں کی پیش بندی اور نبوی پیشن گوئیوں کا موضوعاتی مطالعہ ("سنن ابی داؤد" کی "کتابُ الملاحم" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | .80 |
| جامع ترمذی کی "کتابُ البر والصلۃ" میں والدین و کبار کے احترام پر وارد احادیث کا مختصر تعارف، نبوی ہدایات میں بزرگ کی خدمت، قولی تکریم اور مالی کفالت جیسے حقوق کی وضاحت، موجودہ عمر رسیدہ آبادی کی صحت، پنشن و سماجی تحفظ کی پالیسیوں کو حدیثی اصول اکرامِ کبیر سے جوڑنے کا تجزیہ | بزرگ شہریوں کے سماجی حقوق اور فلاحی پالیسیز ("جامع ترمذی" کی "کتابُ البرّ والصلة" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | .81 |
| جامع ترمذی کی "کتابُ الطب" میں حفظانِ صحت پر وارد احادیث کا مختصر تعارف، نبوی اصول جیسے اعتدالِ طعام، ہاتھ دھونا اور بیماری سے بچاؤ کے تدابیر کا موضوعاتی تجزیہ | عوامی صحت و حفظانِ صحت کے نبوی اصول ("جامع ترمذی" کی "کتابُ الطب" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | .82 |
| سننِ نسائی کی "کتابُ الزکوٰۃ" میں وارد احادیث کا مختصر تعارف، زکوٰۃ کی فرضیت کا مقصد، غربت کے خاتمے اور سماجی یکجہتی میں زکوٰۃ کے عملی اثرات کا تجزیہ | اقتصادی عدمِ مساوات کے خاتمے کے لیے زکوٰۃ کا سماجی کردار ("سنن النسائی" کی "کتابُ الزکوٰة" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | .83 |

| | | |
|---|---|---|
| .84 | معاشرتی تنازعات کے حل میں نبوی اندازِ مصالحت ("سنن النسائی" کی "کتابُ القضاء" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | سنن نسائی کی "کتابُ القضاء" میں مصالحت و صلح کی احادیث کا مختصر تعارف، نبوی تعلیمات میں فریقین کی بات سن کر عدل، عفو اور حق کی وضاحت پر زور |
| .85 | سماجی جرائم کی روک تھام اور حدود کے مقاصد کا تجزیہ ("سنن ابن ماجہ" کی "کتابُ الحدود" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | سنن ابنِ ماجہ کی "کتابُ الحدود" کی احادیث کا مختصر تعارف، حدود کا بنیادی مقصد، جان و مال و عزت کا تحفظ اور جرم کی پیش بندی بیان کرنا، چوری و زنا جیسے جرائم پر حد کے نفاذ میں عبرت، کفارہ اور سماجی توازن کی حکمت واضح کرنا |
| .86 | ماحولیاتی صفائی اور صاف پانی کے تحفظ کی نبوی ہدایات ("سنن ابن ماجہ" کی "کتابُ الطھارۃ" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | سنن ابنِ ماجہ کی "کتابُ الطہارۃ" میں طہارت و نظافت پر وارد احادیث کا مختصر تعارف، بہتے یا ٹھہرے پانی میں گندگی ڈالنے اور راستوں کو آلودہ کرنے کی ممانعت جیسی نبوی ہدایات کا موضوعاتی تجزیہ |
| .87 | جدید کاروبار میں حلال روزی کے اصول ("سنن الدارمی" کی "کتابُ المکاسب" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | سننِ دارمی کی "کتابُ المکاسب" کی احادیث کا مختصر تعارف، نبوی ہدایات میں حلال کمائی کی شرطیں جیسے صدقِ بیع، ناپ تول کی درستگی اور سود و رشوت سے اجتناب کا موضوعاتی تجزیہ، جدید کاروباری اخلاقیات میں شفاف معاہدہ |
| .88 | شادی کے سماجی مسائل اور نبوی رہنمائی ("مؤطّا امام مالک" کی "کتابُ النکاح" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | موطّا امام مالک کی "کتابُ النکاح" کی احادیث کا مختصر تعارف، جہیز و تاخیرِ نکاح، غیر ضروری رسومات اور طلاق کے بڑھتے واقعات جیسے معاصر سماجی مسائل کی نشاندہی، نبوی اصول کفایۃُ الدِّین والخُلُق، سادگی اور عفت پر مبنی رہنمائی کا بیان |
| .89 | عیادتِ مریض کے ذہنی و سماجی فوائد ("صحیح البخاری" کی "کتابُ المرضیٰ" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | صحیح البخاری کی "کتابُ المرضیٰ" کی عیادتِ مریض پر احادیث کا مختصر تعارف، نبوی تعلیم میں مزاج پرسی سے مریض کی ذہنی تقویت اور تنہائی کا ازالہ، عیادت سے اہلِ خانہ کی حوصلہ افزائی اور سماجی ربط مضبوط ہونے کا تجزیہ |
| .90 | خدمتِ خلق اور قیادت کی سماجی ذمہ داریاں ("صحیح مسلم" کی "کتابُ الامارۃ" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | صحیح مسلم کی "کتابُ الامارۃ" میں قیادت و ولایت کی احادیث کا مختصر تعارف، نبوی منہج میں خادم القوم ہونے، عدل و شفقت اور مشاورت جیسے اصولوں کا موضوعاتی تجزیہ |

| | | |
|---|---|---|
| .91 | ماحولیاتی تحفظ اور جانوروں کے حقوق پر نبوی تعلیمات ("سنن النسائی" کی "کتابُ الصید" کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | سننِ نسائی کی "کتابُ الصید" میں شکار وحیوانات سے متعلق احادیث کا مختصر تعارف، بے ضرورت شکار کرنے، جانور کو بھوکا پیاسا رکھنے اور ذبح میں احسان کی نبوی ہدایات کا موضوعاتی تجزیہ |

## العقيدة والكلام

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .92 | عقیدۂ توحید کی تفہیم اور اس کے اثرات (عصرِ حاضر کے تناظر میں) | عقیدۂ توحید کا تعارف، اسلام میں عقیدۂ توحید کی اہمیت، توحید کا لغوی اور اصطلاحی معنی اور اس کی اقسام، عقیدۂ توحید کا انفرادی زندگی پر اثر، عقیدۂ توحید کا معاشرتی و سماجی اثر، عصرِ حاضر میں عقیدۂ توحید کی اہمیت اور چیلنجز، عقیدۂ توحید کے فروغ کی عملی تدابیر |
| .93 | سورۃ آلِ عمران میں صفاتِ الٰہی کی ابحاث کا کلامی مطالعہ | موضوع کا تعارف، ضرورت و اہمیت، صفاتِ باری تعالیٰ کا تصور اور اس کی اقسام، کلامی نقطۂ نظر سے صفاتِ الٰہی کا مطالعہ، صفاتِ الٰہی کے اثرات کے فکری اور عملی پہلو |
| .94 | سورۃ النحل میں صفاتِ الٰہی کی ابحاث کا کلامی مطالعہ | موضوع کا تعارف، ضرورت و اہمیت، صفاتِ باری تعالیٰ کا تصور اور اس کی اقسام، کلامی نقطۂ نظر سے صفاتِ الٰہی کا مطالعہ، صفاتِ الٰہی کے اثرات کے فکری اور عملی پہلو |
| .95 | سورۃ مریم میں صفاتِ الٰہی کی ابحاث کا کلامی مطالعہ | موضوع کا تعارف، ضرورت و اہمیت، صفاتِ باری تعالیٰ کا تصور اور اس کی اقسام، کلامی نقطۂ نظر سے صفاتِ الٰہی کا مطالعہ، صفاتِ الٰہی کے اثرات کے فکری اور عملی پہلو |
| .96 | امام ابو الحسن اشعری رحمۃُ اللہِ علیہ کی علمِ کلام میں خدمات (ایک اختصاصی مطالعہ) | علمِ کلام کا مختصر تعارف، فکری تاریخ میں علمِ کلام کی اہمیت، متکلمین کی ضرورت اور امام ابو الحسن اشعری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، اشعری مکتبِ فکر کا قیام، علمِ کلام میں خدمات، تصانیف کا تعارف، عقائد کی توضیح اور دفاعِ علمِ کلام |
| .97 | امام ابو منصور ماتریدی رحمۃُ اللہِ علیہ کی علمِ کلام میں خدمات (ایک اختصاصی مطالعہ) | علمِ کلام کا مختصر تعارف، فکری تاریخ میں علمِ کلام کی اہمیت، متکلمین کی ضرورت اور امام ابو منصور ماتریدی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، ماتریدی مکتبِ فکر کا قیام، علمِ کلام میں خدمات، تصانیف کا تعارف، عقائد کی توضیح اور دفاعِ علمِ کلام |
| .98 | اسلامی عقیدۂ ختمِ نبوت اور قادیانیت کے تصورِ نبوت کا تقابلی جائزہ | نبوت کی لغوی اور اصطلاحی تعریف، اقسامِ نبوت، قادیانیوں کا تصورِ نبوت اور اسلامی کلامی تعلیمات میں اس کا رد |
| .99 | عقیدۂ شفاعت (قران وحدیث اور علمِ کلام کی روشنی میں) | عقیدۂ شفاعت کا لغوی و اصطلاحی معنی، اثباتِ شفاعت اور نفیِ شفاعت پر قرآنی دلائل اور جمع و تطبیق، احادیث میں شفاعت کا تصور، مختلف کلامی مکاتبِ فکر کا عقیدۂ شفاعت پر مؤقف و نظریہ |
| .100 | سامی و غیر سامی مذاہب میں تصورِ خدا (ایک تقابلی مطالعہ) | موضوع کا تعارف، تصورِ خدا کی اہمیت اور بنیادی سوالات، سامی و غیر سامی مذاہب میں تصورِ خدا کا تقابلی مطالعہ |

| | | |
|---|---|---|
| .101 | الاقتصاد في الاعتقاد (ایک تعارفی مطالعہ) | تعارفِ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ، "الاقتصاد فی الاعتقاد" کا پس منظر و طرزِ بیان، علمِ کلام کی تعریف و ارتقا، علمِ کلام میں امام غزالی کی حیثیت، عقائد کے بنیادی اصول، عقل و نقل میں تطبیق، توحید و صفاتِ الٰہی، نبوت و رسالت، قیامت و آخرت اور تقدیر، ایمان و کفر کی حد بندی، فرقہ وارانہ شدت سے اجتناب، اہلِ ظاہر اور اہلِ باطن میں توازن |

## الفقه وأصوله

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .102 | الأشباه والنظائر (القواعد الكلية) (امام جلال الدین سیوطی اور امام ابن نجیم مصری رحمۃ اللہ علیہما کی تالیفات کا تقابلی مطالعہ) | امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، ان کی کتاب "الاشباہ والنظائر" کا تعارف، امام ابن نجیم مصری رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، ان کی کتاب "الاشباہ والنظائر" کا تعارف، ان دونوں کتابوں کے "القواعد الکلیۃ" کا تقابلی جائزہ، نتائج |
| .103 | بلوغُ المرام من أدلة الأحكام ("کتاب الایمان والنذور" کی روایات کا تحقیقی جائزہ: فقہ حنفی کی روشنی میں) | "بلوغ المرام" کا تعارف، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، "کتاب الایمان والنذور" کی روایات کا فقہ حنفی کی روشنی میں تحقیقی جائزہ، نتائج |
| .104 | فتاویٰ رضویہ میں موجود مباحثِ ربا (ایک اختصاصی مطالعہ) | امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، فتاویٰ رضویہ کا تعارف، فتاویٰ رضویہ میں موجود مباحثِ ربا، نتائج |
| .105 | کرپٹو کرنسی کی شرعی حیثیت (فقہ حنفی کی روشنی میں ایک تحقیقی مطالعہ) | دنیا کے کرنسی نظام میں تبدیلیاں، کرپٹو کرنسی کا تعارف، کرپٹو کرنسی کی بناوٹ، فقہ حنفی کی روشنی میں اس کی مالی و شرعی حیثیت، نتائج |
| .106 | تداوی بالمحرمات کا تحقیقی جائزہ (فقہ حنفی کی روشنی میں) | حرام کردہ اشیا سے علاج کے جائز کہنے والوں کے دلائل کا جائزہ، حرام کردہ اشیا سے علاج کے حرام ہونے کے بارے میں فقہ حنفی کے دلائل، مثبتین کے دلائل کے جوابات، نتائج |
| .107 | آن لائن ٹریڈنگ کی مروجہ صورتیں اور ان کا شرعی حکم (ایک تحقیقی مطالعہ) | آن لائن ٹریڈنگ کی مختلف صورتوں کا بیان، ہر صورت کے شرعی حکم کا بیان، نتائج |
| .108 | الهداية للمرغيناني اور اس کی مشہور عربی شروحات کا تعارفی مطالعہ | ہدایہ اور صاحب ہدایہ کا تعارف، فقہی کتب میں مقام، اسلوب و منہج، عربی شروحات کا تعارف، اسالیب و مناہج |
| .109 | بزرگ شہریوں کے حقوق (مغربی اور اسلامی روایات کا تقابلی مطالعہ) | مغرب میں بزرگ شہریوں کے حقوق، اسلامی روایات کے تناظر میں بزرگ شہریوں کے حقوق، دونوں کا تقابلی مطالعہ |

| | | |
|---|---|---|
| .110 | علامہ کاسانی رحمۃُ اللہِ علیہ کا "بدائع الصنائع" میں منہج واسلوب ("کتاب الطہارۃ" کی روشنی میں ایک اختصاصی مطالعہ) | علامہ کاسانی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، بدائع الصنائع کا تعارف، فقہی کتب میں مقام، "کتاب الطہارۃ" کی روشنی میں امام کاسانی رحمۃُ اللہِ علیہ کا منہج واسلوب |
| .111 | شادیوں میں رائج رسوم ورواج کی شرعی حیثیت (برصغیر پاک وہند میں رائج رسوم کی شرعی حیثیت) | رسوم ورواج کی شرعی حیثیت، برصغیر پاک وہند میں رائج رسوم ورواج، ان کے شرعی احکام |
| .112 | سلطنتِ عثمانیہ میں فقہ حنفی کا ارتقاو ترویج | فقہ حنفی کا تعارف، تدوین، سلطنتِ عثمانیہ میں فقہ حنفی کا ارتقا، ترویج کی صورتیں، سلطنت عثمانیہ میں مشہور فقہائے احناف اور ان کی خدمات |
| .113 | شریعتِ اسلامیہ میں تخفیف کے اسباب اور فقہی احکام پر اثرات (معاصر تطبیقات کا ایک تجزیاتی مطالعہ) | اسبابِ تخفیف کی وضاحت، ان اسباب کا فقہی احکام پر اثر انداز ہونے کا دائرۂ کار، عصرِ حاضر میں موجود فقہی مسائل پر ان کی تطبیقات، نتائج |
| .114 | فتاویٰ نوریہ میں جدید فقہی مسائل کا تحقیقی مطالعہ | مفتی محمد نور اللہ نعیمی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، فتاویٰ نوریہ کا تعارف، فتاویٰ نوریہ میں موجود جدید فقہی مسائل میں منہجِ تحقیق، نتائج |
| .115 | امام ابن ہمام رحمۃُ اللہِ علیہ کے فقہی تفردات (فتح القدیر کی روشنی میں ایک تحقیقی مطالعہ) | امام ابن ہمام رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، فتح القدیر کا تعارف، امام ابن ہمام رحمۃُ اللہِ علیہ کے فقہی تفردات |
| .116 | ائمہ مجتہدین رحمۃُ اللہِ علیہم کے درمیان فقہی اختلافات کے اسباب (ایک تحقیقی جائزہ) | مشہور ائمہ مجتہدین رحمۃُ اللہِ علیہم کا تعارف، ان کے درمیان اختلافات کی نوعیت، فقہی اختلافات کے اسباب ونتائج |
| .117 | امام اعظم رحمۃُ اللہِ علیہ اور صاحبین رحمۃُ اللہِ علیہما کے مابین فقہی اختلافات ("کتاب البیوع" کی روشنی میں) | امام اعظم رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف و مقام، صاحبین رحمۃُ اللہِ علیہما کا تعارف و مقام، ان کے مابین فقہی اختلاف کے سبب کا بیان، "کتاب البیوع" کی روشنی میں ان کے مابین اختلافات کا بیان |
| .118 | اسلامی تکافل اور مروجہ انشورنس (ایک تقابلی جائزہ) | اسلامی تکافل کی فقہی تحلیل و تجزیہ، مروجہ انشورنس کی فقہی تحلیل و تجزیہ، ان دونوں کا شرعی حکم |
| .119 | آثارِ صحابہ کی تشریعی حیثیت | آثارِ صحابہ کے حجت ہونے کے دلائل، فقہ حنفی میں آثارِ صحابہ کی تشریعی حیثیت، دلائل، نتائج |

| | | |
|---|---|---|
| | (فقہ حنفی کی روشنی میں) | |
| .120 | اسلامی نظریاتی کونسل (پاکستان) (ایک تعارفی جائزہ) | اسلامی نظریاتی کونسل (پاکستان) کا تعارف، مقاصد، کام کی نوعیت، اب تک ہونے والا کام، بالخصوص سود کے خاتمہ اور ٹرانس جینڈر کے حقوق کے حوالے سے کردار |
| .121 | مبیع قبل القبض کی جدید صورتیں | قبضہ سے پہلے مال بیچنے کی رائج صورتوں کا تعارف اور ان کے جواز اور عدم جواز کی صورتیں |
| .122 | عورت کی ملازمت کی صورتیں اور ان کے احکام | عصرِ حاضر میں عورت کی خرید و فروخت کے حوالے سے فقہا کی آرا اور اسلامی نقطۂ نظر کی وضاحت |
| .123 | اسپرم بینک، مِلک بینک اور بلڈ بینک کی شرعی حیثیت کے متعلق اقوالِ فقہا | فی زمانہ جدید معاشی طبی مسائل کے حوالے سے فقہا کی آرا کا تجزیاتی مطالعہ |
| .124 | قابلِ تغییر احکام اور اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کے بیان کردہ اسبابِ ستہ | اسبابِ ستہ کا مختصر تعارف، قابلِ تغییر احکام میں اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کے بیان کردہ اسبابِ ستہ کو بنیادی حیثیت حاصل ہوگی، اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کے اقوال کی روشنی میں اس کی وضاحت |

## التصوف وما يتعلق به

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .125 | تصوف پر موجودہ دور کی تنقیدات کا علمی جائزہ | تصوف کا تاریخی و فکری پس منظر، موجودہ دور میں تصوف پر ہونے والی نمایاں تنقیدات، ان تنقیدات کی علمی و فکری بنیادیں، تنقیدات کا تجزیاتی مطالعہ: غلط فہمیاں اور حقیقت، تصوف کے اصل اصولوں کا تعارف، موجودہ دور میں تصوف کی افادیت اور مثبت پہلو، تنقیدات سے حاصل ہونے والے اسباق اور اصلاحی پہلو |
| .126 | "مکاشفۃُ القلوب" اور "کشفُ المحجوب" کا تقابلی مطالعہ (تصوف کے بنیادی اصولوں کی روشنی میں) | مکاشفۃ القلوب اور کشف المحجوب کا تعارف، دونوں کتب کا تاریخی و علمی پس منظر، تصوف کے بنیادی اصولوں کا اجمالی جائزہ، دونوں کتب میں بیان کردہ اصولوں کا موازنہ، اسلوبِ بیان، ترتیب اور مضامین کا تقابل، فکری و روحانی اثرات کا تجزیہ، مطالعہ سے حاصل ہونے والے نتائج و اسباق |
| .127 | برصغیر میں تصوف کی علمی روایت (اہم کتب اور ان کا تحقیقی جائزہ) | برصغیر میں تصوف کی آمد اور پھیلاؤ، علمی روایت کی ابتدا اور ارتقا، اہم صوفیانہ کتب اور مصنفین کا تعارف، تصوف کی تعلیمات کا علمی پہلو، کتب کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ، برصغیر کی دینی و سماجی زندگی پر اثرات، علمی روایت کے تسلسل کا جائزہ |
| .128 | صوفیانہ ادب میں تمثیلی اندازِ بیان (ادبی و تربیتی پہلو) | صوفیانہ ادب کا پس منظر اور ارتقا، تمثیل کی تعریف اور صوفی ادب میں اس کا استعمال، معروف صوفی تمثیلات کی مثالیں، ادبی حسن اور فنی اسلوب کا تجزیہ، روحانی و اخلاقی تربیت میں تمثیل کا کردار، صوفیا کا پیغامِ اصلاح تمثیلی انداز میں، جدید قاری کے لیے تمثیل کی معنویت |
| .129 | صوفیائے کرام رحمۃُ اللہِ علیہم کی | تصوف میں تعلیم کی اہمیت، معروف صوفیائے کرام کی تعلیمی کوششیں، خانقاہی نظام اور تعلیمی مراکز |

| | | |
|---|---|---|
| | تعلیمی خدمات (تصوف کی کتب کے تناظر میں) | تصوف کی بنیادی کتب میں تعلیمی پہلو، تعلیم میں اخلاقی و روحانی تربیت، عوام و خواص کی علمی رہنمائی، تعلیمی خدمات کے اثرات و نتائج |
| .130 | تصوف اور سماجی تبدیلی (برصغیر کے تناظر میں صوفی اثرات) | برصغیر کی سماجی ساخت کا تاریخی جائزہ، تصوف کا سماجی اصلاح میں کردار، صوفیاء کی عوامی سطح پر جدوجہد، مساوات، رواداری، اور خدمتِ خلق، مذہبی ہم آہنگی اور بینَ المذاہب تعلقات، صوفی تحریکوں کا سماجی اثر، تصوف کے ذریعے برصغیر میں تبدیلی کے پہلو |
| .131 | "الرسالة القشيرية" اور "عوارفُ المعارف" کے اسالیبِ تصنیف کا تقابلی مطالعہ | دونوں کتب کا تعارف اور مصنفین کا تعارف، تاریخی اور فکری پسِ منظر، تصنیفی اسلوب، ترتیب و تنظیم کا جائزہ، مضامین کا اندازِ بیان اور علمی وسعت، تصوف کی وضاحت میں طریقۂ کار کا فرق، اسالیب کی اثر پذیری اور مقبولیت، مطالعہ سے اخذ کردہ نتائج |
| .132 | صوفیائے کرام رحمۃُ اللہِ علیہم اور ان کی سیاسی بصیرت (ایک تاریخی جائزہ) | صوفیائے کرام کا سیاسی پس منظر، حکمرانوں سے تعلقات کا اصولی طریق، ظلم، عدل، اور سیاست پر صوفی آرا، اہم صوفی شخصیات کی سیاسی بصیرت، خانقاہی نظام اور سیاسی توازن، روحانی قیادت اور سیاسی رہنمائی، موجودہ دور کے لیے اسباب رہنمائی |

## السيرة النبوية

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .133 | عصر حاضر کے مسائل اور ان کا حل سیرت نبوی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی روشنی میں | عصرِ حاضر کے بنیادی مسائل، سیرتِ طیبہ کا اجمالی تعارف، اخلاقی بحران اور نبوی حل، معاشرتی انتشار اور نبوی اصلاحات، تعلیمی، معاشی اور سیاسی مسائل: سیرت کی روشنی میں، نتیجہ اور تجاویز |
| .134 | نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی تعلیمی پالیسی (ایک تحقیقی مطالعہ) | تعلیم کی اہمیت اسلام میں، عہد نبوی میں تعلیمی اقدامات (مسجد نبوی، مکتب، معلمین)، نصاب، طریقہ تدریس، طلبہ کی تربیت، خواتین کی تعلیم، تعلیم میں اخلاقیات اور روحانیت، آج کے لیے قابلِ اطلاق پہلو، نتائج و تجاویز |
| .135 | سیرت النبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی روشنی میں امن و امان کا قیام | امن و امان کی اہمیت اور موجودہ بحران، سیرتِ نبوی میں امن کے اصول (میثاقِ مدینہ، صلح حدیبیہ)، فتنہ و فساد کے خلاف نبوی حکمتِ عملی، انسانی جان، مال، آبرو کی حفاظت، آج کی دنیا میں ان اصولوں کا نفاذ، نتائج و تجاویز |
| .136 | "سیرتِ مصطفیٰ" اَز عبد المصطفیٰ اعظمی رحمۃُ اللہِ علیہ اور "سیرتِ رسولِ عربی" اَز محمد نور بخش توکلی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تقابلی مطالعہ | دونوں مصنفین کا تعارف، کتب کا اسلوب، ترتیب، حوالہ جات، تاریخی و علمی معیار، زبان و بیان، تنقیدی و تجزیاتی پہلو، تحقیقی گہرائی و جامعیت، تقابل کے نتائج اور سفارشات |

| | | |
|---|---|---|
| .137 | مطالعۂ سیرت کی ضرورت و اہمیت ایک تحقیقی جائزہ | تعارف: سیرت کیا ہے؟، انفرادی و اجتماعی تربیت میں سیرت کی اہمیت، مطالعہ سیرت کی قرآنی و حدیثی بنیادیں، مسلم معاشروں میں بگاڑ کی وجوہات اور سیرت سے اصلاح، عصری تعلیمی نظام میں سیرت کی شمولیت، نتیجہ اور تجاویز |
| .138 | سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں "قابلِ معافی" اور "ناقابلِ معافی" رویوں کا اخلاقی معیار | اخلاقیات میں معافی کا مقام، نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سیرت میں معاف کیے گئے افراد و اعمال، وہ رویے جن پر نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سختی کی (مثلاً خیانت، فتنہ)، عدل اور رحمت کے مابین توازن، اسلامی معاشرے کے لیے اخلاقی رہنمائی، نتیجہ و تجاویز |

## التاريخ الإسلامي

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .139 | خلافتِ راشدہ کا نظام اور جدید اسلامی ریاست کے لیے اس کے اثرات | خلافتِ راشدہ کا تعارف، خلفائے راشدین رضی اللہُ عنہم کا تعارف، خلفائے راشدین رضی اللہُ عنہم کے طرزِ حکمرانی کا تجزیہ، ان اصول وضوابط کا جدید اسلامی ریاست پر اثر، نتائج بحث |
| .140 | عباسی خلافت میں علم و تحقیق کا عروج: بیت الحکمت کا کردار | عباسی خلافت کا تعارف، حد بندی، عباسی خلافت میں سائنسی ترقی، ترجمے کی تحریک، مسلمانوں کی علمی خدمات، نتائج بحث |
| .141 | برصغیر میں اسلام کی آمد اور اس کا سماجی و ثقافتی اثر | برصغیر میں اسلام کی آمد، برصغیر کی اسلام سے پہلے کی حالت، برصغیر میں علما اور صوفیا کا کردار، برصغیر میں مسلم حکمرانوں کا کردار اور اس کے سماجی و ثقافتی اثرات۔ |
| .142 | تصوف اور اسلامی معاشرہ (برصغیر کے صوفی سلسلوں کا جائزہ) | تصوف اور اسلامی معاشرے کا تعارف، سلسلہ قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، نقشبندیہ وغیرہ کی تعلیمات اور ان کے اثرات۔ |
| .143 | فتح مکہ کے سیاسی اور اخلاقی اثرات: اسلامی ریاست کے استحکام کی بنیاد | فتح مکہ سے قبل تاریخی پس منظر، فتح مکہ کے واقعے کا تجزیاتی جائزہ، فتح مکہ کے سیاسی اثرات، فتح مکہ کے اخلاقی اثرات، فتح مکہ اور اسلامی ریاست کا استحکام، فتح مکہ کے دیرپا اثرات۔ |
| .144 | سقوطِ بغداد 1258ء: اسباب، اثرات اور اسلامی دنیا پر اس کا اثر | خلافتِ عباسیہ کا تاریخی پس منظر، سقوطِ بغداد کے اسباب، سقوطِ بغداد کا واقعہ، سقوطِ بغداد کے اسلامی دنیا پر اثرات، سقوطِ بغداد سے حاصل ہونے والے اسباق۔ |

## التراجم والطبقات

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .145 | تدوینِ سیرتِ نبوی میں کتبِ تراجم کے کردار کا تحقیقی مطالعہ | سیرت نگاری کا تاریخی پسِ منظر، کتبِ تراجم کا تعارف، سیرت کے تراجم کا مختلف زبانوں میں تجزیہ، تدوین میں تراجم کا کردار، اثرات اور خدمات |
| .146 | روایاتِ تراجم اور طبقات میں | علمِ تراجم و طبقات کا تعارف، محدثین کا تعارف، اہم کتب اور محدثین کی خدمات، محدثین کا |

| | | |
|---|---|---|
| | محدثین کے کردار کا موضوعاتی مطالعہ | موضوعاتی کردار اور اس کے نتائج |
| .147 | عجمی علما کا اسلامی طبقات نگاری میں مقام کا تحقیقی مطالعہ | طبقہ نگاری کا تعارف و ارتقا، عجمی علما کا اسلامی علوم میں کردار، عجمی علما کی قلمی کتب کا تجزیہ اور طبقات نگاری پر اثرات |

## مقارنة الأديان

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .148 | ادیانِ عالم اور عقیدۂ توحید (اسلام، یہودیت، مسیحیت، ہندومت اور بدھ مت کے بنیادی تصوّرات کا تجزیاتی مطالعہ) | توحید کی تاریخی جڑیں اور مختلف تعبیرات کا تعارف، بنیادی متون کی تقابلانہ قرأت اور وحدانیت کے سماجی اثرات کی درجہ بندی، مشترکہ اصول و اختلافات کی نشاندہی اور عصرِ حاضر میں وحدانیت کے عملی تقاضوں کی توضیح |
| .149 | اسلام اور مسیحیت میں نظریۂ نجات (کتبِ سماویہ کی روشنی میں) | نجات کے لغوی و اصطلاحی مفاہیم کا تاریخی جائزہ، قرآن و اناجیل کی متنی تحلیل اور ایمان، اعمال، فضل کے باہمی ربط کی تطبیق، اخلاقی اشتراک و امتیازات کے نتائج اور موجودہ بین المذاہب مکالمے میں ان کی قدر و قیمت |
| .150 | اسلام اور ہندومت میں جسمانی عبادات (مقاصد اور روحانی اثرات کا موازنہ) | نماز، روزہ اور یوگا، پوجا جیسے شعائر کا تعارفی خاکہ، رسومی و ثقافتی مشاہدات کے ذریعے عباداتی حرکات کے روحانی اثرات کا تجزیہ، سماجی بہبود اور فردی سکون میں جسمانی عبادات کے کردار کا عملی تناظر |
| .151 | اسلامی نصوصِ قرآنی اور بدھ مت کی تریپٹک تعلیمات میں اخلاقی اصولوں کا تنقیدی تقابل | رحمت، عدمِ تشدد، سچائی جیسے مشترک اخلاق کا موضوعاتی کوڈنگ، وحی بمقابلہ تجرباتی بنیادوں پر اَخلاق کی تشکیل کا جائزہ، عالمی اخلاقی فریم ورک کے لیے مشترکہ قدروں کا استخراج |
| .152 | تصورِ وحی اور نبوت (اسلام، یہودیت، مسیحیت، ہندومت اور بدھ مت کی روایات کے تناظر میں) | وحی و نبوت کی تعریفی حدود اور مقصدِ بعثت کی توضیح، مقدّس متون کی تقابلی تفسیر کے ذریعے انسان اور خالق کے مکالمے کی جہات کا جائزہ، نبوت کے اخلاقی و قانونی مضمرات اور عصرِ نو میں ان کا اطلاق |
| .153 | عصرِ حاضر میں اسلامی دعوت اور دیگر عالمی مذاہب کی تبلیغی حکمتِ عملیاں (مقارنہ و تجزیہ) | میڈیا، سماجی خدمت اور بینَ المذاہب مکالمے پر مبنی جدید دعوتی ماڈلز کا مطالعہ، مؤثریت اور چیلنجز کے معیاری اشاریے کی تشکیل، مستقبل کی ہمہ جہتی پالیسی کے لیے سفارشات |
| .154 | تصورِ معاشرت (قرآنی افادات کا انجیل اور ویدک | عدل، غربت، خاندان، ماحولیات جیسے موضوعات کی بین النصوصی درجہ بندی، قدیم تعلیمات کا جدید سماجی مسائل پر اطلاق، ہمہ گیر اخلاقی ضابطے کی تشکیلِ نو کے لیے مشترکہ رہنما اصول |

| | | |
|---|---|---|
| | تعلیمات کے ساتھ تقابلی مطالعہ) | |
| .155 | اسلام کی مذاہبِ عالم پر فوقیت (دلائل عقلیہ ونقلیہ کی روشنی میں) | عقلی اور نقلی دلائل کا منظم خاکہ، تاریخی شواہد اور سماجی اثرات کے امتزاج سے فوقیتِ اسلام کی توضیح، عصرِ حاضر میں اسلام کے آفاقی پیغام کی مدلل توجیہ |

## الفتن والملاحم

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .156 | صحاحِ ستّہ میں احادیثِ فتن وملاحم (ایک موضوعاتی مطالعہ) | صحاح ستہ میں "کتابُ الفتن" اور "کتابُ الملاحم" میں فتنوں سے متعلق احادیث کا موضوعاتی مطالعہ، ان احادیث کی صحیح تفہیم ومستند تشریح: دورِ حاضر کے چیلنجز کے تناظر میں |
| .157 | احادیثِ فتن کی روشنی میں موجودہ معاشرتی فتنوں کا تقابلی مطالعہ | متونِ نبوی میں مذکور نمایاں فتنوں کو الگ الگ واضح کیا جائے، موجودہ سماجی بحرانوں کے ساتھ ان کی مماثلت کو نشان زدہ کیا جائے، تاریخی وسماجی عوامل کی مشترک علتیں سامنے لائی جائیں |
| .158 | نزولِ مسیح، خروجِ مہدی اور فتنۂ دجّال سے متعلق ضعیف وموضوع روایات (امام جلال الدین سیوطی رحمۃُ اللہِ علیہ کی کتب کی روشنی میں تنقیدی جائزہ) | امام جلال الدین سیوطی شافعی رحمۃُ اللہِ علیہ کی کتب سے تمام متعلقہ روایات کو جمع کر کے سنداً درجہ بندی کی جائے، عللِ حدیث کے معیارات پر ان کا فنی تجزیہ پیش کیا جائے، ضعیف وموضوع روایتوں کے اعتقادی مضمرات پر تنقیدی نظر ڈالی جائے |
| .159 | نبوی پیشین گوئیوں کا اختصاصی مطالعہ | پیشین گوئیوں کی معاصر تفسیری مناہج کو مختصر متعارف کرایا جائے، حالیہ عالمی واقعات کے ساتھ ان تعبیرات کی تطبیق دکھائی جائے، تعبیر کی صحت کے لیے علمی اعتدال کے اصول مرتب کیے جائیں |
| .160 | فتنہ یاجوج وماجوج (قرآن وحدیث کی تعلیمات کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ) | یاجوج ماجوج کا تعارف، ان کے ظہور، صفات اور انجام سے متعلق قرآن وحدیث کی تعلیمات |
| .161 | آخری زمانے کے فتنوں کے سدِّ باب کے لیے نبوی حکمتِ عملی (ایک تحقیقی مطالعہ) | احادیث میں وارد بنیادی اصولِ حفاظت کو جمع کیا جائے، اخلاقی و اجتماعی تدابیر کی درجہ بندی کی جائے، موجودہ سیاق میں عملی نمونے اور تدریسی ماڈیول تجویز کیے جائیں، سفارشات کو پالیسی دستاویز کی شکل میں سمیٹا جائے |
| .162 | سلف صالحین کے مسلَّمہ نظریات سے انحراف کے مضر اثرات (ایک تجزیاتی مطالعہ) | نظریاتِ سلف کی اصل مآخذی بنیاد کا تعارف کرایا جائے، انحرافی رجحانات کے تاریخی شواہد درج کیے جائیں، فقہی اور معاشرتی مضمرات کا تنقیدی مطالعہ پیش کیا جائے، اصلاحی لائحۂ عمل پر مشتمل جامع تجاویز شامل کی جائیں |

## الدعوة والإرشاد

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .163 | امر بالمعروف و نہی عن المنکر سے متعلق قرآنی احکام و تعلیمات | امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی ضرورت و اہمیت، امر بالمعروف و نہی عن المنکر سے متعلق قرآنی احکام و تعلیمات مستند تفاسیر کی روشنی میں |

## القضايا المعاصرة

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .164 | امت مسلمہ کو مغربی معاشرے میں درپیش چیلنجز کا تحقیقی مطالعہ | مغربی معاشرے کا تعارف، مغرب میں مسلم اقلیت کا تعارف، مسلم اقلیتوں کو درپیش چیلنجز، اسلامو فوبیا، مذہبی آزادی، اذان، حجاب، حلال فوڈز وغیرہ پر پابندی، نسل پرستی اور امتیازی سلوک، سماجی تعصب، مسلمان نوجوانوں میں فکری الجھن، رہائش اور شہریت کے مسائل، روزگار اور معاشی مواقع، سیاسی زندگی کی کمی، چیلنجز سے نمٹنے کی تجاویز |
| .165 | اسلامی فکر کی روشنی میں مذہبی انتہا پسندی اور دہشت گردی کی وجوہات کا اختصاصی مطالعہ | انتہا پسندی اور دہشتگردی کا مفہوم، جہاد اور انتہا پسندی میں فرق، قرآن و سنت، سیرتِ نبویہ، خلفائے راشدین اور فقہی مذاہب میں اعتدال کا تصور، حکمتِ عملی، وجوہات |
| .166 | دعوت اسلامی کو موجودہ سیکولر ماحول میں درپیش چیلنجز کا تحقیقی مطالعہ | دعوت اسلامی کا تعارف، مقاصد، قیام اور بانی کا تعارف، سیکولرزم کی اصطلاح و اقسام، مسلم معاشروں پر اثرات اور سیکولر نظریات کا فروغ، دعوت اسلامی کا ردعمل اور حکمتِ عملی، تجاویزی نکات، میڈیا اور سوشل میڈیا کا چیلنج، معاشرتی اور ثقافتی تبدیلیاں، قانونی اور سیاسی رکاوٹیں |
| .167 | نسلِ نَو میں اے آئی کے بڑھتے ہوئے رجحانات کا اختصاصی مطالعہ | اے آئی کا تعارف، اہمیت، اقسام اور بڑھتے رجحانات، اسلامی و اخلاقی نقطۂ نظر، اے آئی کے منفی و مثبت اثرات اور رجحانات |
| .168 | مسلم عورت کے حقوق اور ان کے نفاذ میں درپیش چیلنجز کا تحقیقی مطالعہ | عورت کے حقوق، تاریخی و فقہی تجزیہ، نفاذِ حقوق میں درپیش چیلنجز، بینَ الاقوامی قوانین وانسانی حقوق کا تناظر |

## المدارس الإسلامية

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .169 | برِّصغیر کے مدارسِ دینیہ کا معاشرتی و تہذیبی کردار (1857–2025 تک تاریخی مطالعہ) | استعماری دور سے معاصر پاکستان تک مدارس کے تعلیمی و ثقافتی کردار کی تاریخی جہتیں، سماجی ساخت و اقدار پر مدارس کے اثرات کا میدانی و دستاویزی جائزہ، تہذیبی شناخت کے تسلسل میں مدارس کی خدمات اور مستقبل کی اجتماعی ضرورتوں کی توضیح |

| | | |
|---|---|---|
| .170 | اسلامی مدارس کے معاصر علمی و سماجی چیلنجز اور ان کے حل | عصری تعلیمی رجحانات، روزگار کے تقاضے اور معاشرتی تنقید جیسے چیلنجز کی درجہ بندی، بینَ الاقوامی ومقامی پالیسی دستاویزات کا تجزیہ، قابلِ عمل اصلاحی سفارشات اور نفاذی حکمتِ عملی کا خاکہ |
| .171 | مدارسِ دینیہ میں عصری علوم کی شمولیت<br>(مضامین، رکاوٹیں اور اصلاحی حکمتِ عملیاں) | سائنس، ریاضی اور زبانِ عصر کے مضامین کی شمولیت کی موجودہ صورتِ حال، انتظامی و فکری رکاوٹوں کا سروے، تجزیہ، تدریسی تربیت اور نصابی ہم آہنگی کے لیے مرحلہ وار اصلاحی فارمولہ |
| .172 | جامعاتُ المدینہ للبنات کے نصاب کا تجزیاتی مطالعہ | گرلز کیمپس کے نصابی خاکے اور تدریسی اسلوب کی تشخیص، دینی و عصری مضامین کے امتزاج سے طالبات کی علمی و قائدانہ صلاحیتوں کا جائزہ، صنفی شمولیت کے عملی اثرات اور ماڈل کے قابلِ نقل پہلوؤں کی نشاندہی |
| .173 | مدارسِ دینیہ اور یونیورسٹیز میں اخلاقی تربیت کے موجودہ نظم کا تقابلی جائزہ | اخلاقی مضامین، ہم نصابی سرگرمیوں اور کردار سازی کے طریقوں کی تقابلانہ فہرست، طلبہ کی عملی تربیت پر دونوں ادارہ جاتی ماڈلز کے نتائج کا تجزیہ، مشترکہ اقدار کو بڑھانے اور کمزور پہلوؤں کی اصلاح کے لیے سفارشات |
| .174 | اسلامی مدارس میں دعوتی تربیت کا موجودہ معیار اور اصلاحی اَہداف | موجودہ خطابی نصاب، عملی مشق اور اساتذہ کی تربیت کا جائزہ، خطابت کی اثر انگیزی کے معیار اور دعوتی مہارتوں کے سیکھنے کے نتائج کا معیاری تجزیہ، تربیتی ماڈیول کی تجدید اور عصری رابطے کی تکنیکوں کے ادغام کی تجاویز |

## تحقیقی مقالہ جات کی ہدایات واصول وضوابط

### تحقیقی مقالات کے مقاصد

1. ڈگری کے تقاضے پورے کرنا
2. ریسرچ کلچر کو فروغ دینا
3. علمی میدان میں عمیق مطالعہ اور ہر پہلو پر تحقیق کرنا
4. علمی تحقیق کے لئے علمی مفروضہ قائم کرنا، اس کی بنیاد پر تحقیقی سوال تیار کرنا، تحقیق کے لئے مطلوبہ ڈیٹا جمع کرنا اور جمع شدہ ڈیٹا کی بنیاد پر تحقیقی سوال کو پرکھنا اور حقائق اور تحقیق کی بنیاد پر کسی منطقی نتیجہ پر پہنچنا
5. علمی طور پر تنقیدی اور تجزیاتی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا اور اور تحقیق کو عملی طور پیش کرنے کے لئے مختلف انداز اور حکمت عملیوں کا استعمال سیکھنا
6. ملکی اور عالمی بنیادوں پر انسانی بہبود اور علوم کی ترقی و معاونت کے لئے کوششیں کرنا

### محقق کی ذمہ داری

1. علمی دیانتداری اور دلچسپی سے مثبت انداز میں تحقیق کیجئے۔
2. محقق ایک حقیقی اور اصل تحقیق پیش کرے خواہ اس کے نتائج مثبت ہوں یا منفی۔
3. غیر مدلل اور غیر مستند بیانات سے اجتناب کیجئے علاوہ ازیں مختلف ذرائع سے نقل نہ کیجئے تاکہ ادبی سرقہ کا ارتکاب نہ ہو۔
4. تحقیق کے اخلاقی اصولوں کی پاسداری کیجئے۔
5. محقق اپنی تحقیق اپنے نگران مقالہ کی راہنمائی اور نگرانی میں مکمل کرے۔
6. محقق کو اپنے مواد کے تجزیہ اور ریسرچ کے حاصل کردہ نتائج پر مکمل علمی عبور ہونا چاہیے۔

### مقالے کی تحریر، کمپوزنگ اور رجسٹریشن کے اصول وضوابط

1. عالمیہ کا مقالہ کم از کم 100 جبکہ تخصص کا مقالہ کم از کم 150 صفحات پر مشتمل ہو۔
2. Word فائل میں کمپوز کیا جائے۔
3. عالمیہ میں کم از کم 80 جبکہ تخصص میں کم از کم 125 صفحات لازمی طور پر صلبِ موضوع سے تعلق رکھتے ہوں۔
4. مندرجہ ذیل امور 80 یا 125 صفحات میں شامل نہیں ہیں:
   I. مقدمہ (تعارفِ موضوع، اہمیتِ موضوع، مقاصدِ تحقیق، اسبابِ انتخابِ موضوع، فرضیہ تحقیق، سابقہ تحقیقات کا جائزہ اور منہجِ تحقیق)
   II. فہارس (ابواب وفصول، آیات، احادیث، اماکن، اعلام اور مصادر ومراجع)
   III. متفرق صفحات (تسمیہ وتحمید، اظہارِ تشکر، خلاصہ / نتائج بحث اور سفارشات)

   **نوٹ:** فہارس کا ٹیبل بنانا ضروری ہے۔
5. مقالہ کا سرورق (ٹائٹل پیج) درج ذیل ترتیب سے تیار کیا جائے:
   I. عنوان مقالہ (30-32 فونٹ)

II. قوسین( )میں(البحث لنيل شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "ماجستير")لکھاجائے۔جبکہ تخصص میں(البحث لنيل شهادة التخصص في العلوم العربية والإسلامية )لکھاجائے۔

III. بورڈ کا مونو گرام(2×2)سائز میں۔

IV. مونو گرام کے نیچے دائیں جانب مقالہ نگار کا نام مع عالمیہ دوم کا رول نمبر۔

V. بائیں جانب نگران مقالہ کا نام مع عہدہ۔

VI. آخر میں شعبۃ الامتحانات کا نام مع بورڈ کا نام ایک لائن میں تحریر کریں، مثال: شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ۔

VII. جس ماہ میں مقالہ جمع کروانا ہے اس کا نام (قمری اور عیسوی دونوں اعتبار سے)۔

VIII. مشرف کی تصدیق کے لئے بورڈ کی طرف سے جاری کردہ "تصدیق نامہ "کا فارمیٹ استعمال کیا جائے۔

6. قرآنی آیات، احادیث اور اقوال کو تحقیقی رموز واوقاف میں تحریر کیا جائے۔ جیسے "تحقیق و تدوین کے اصول وضوابط" میں لکھا گیا ہے مثلاً قرآنی آیات کے لیے پھول دار بریکٹ﴿ ﴾کا استعمال کرنا، آیات کا ترجمہ کرنے کے لئے اول و آخر میں واوین" "لگانا، احادیثِ مبارکہ لکھنے کے لئے ڈبل بریکٹ«قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم»لگانا نیز اقوال یعنی اقتباسات کو لکھنے کے لئے تحقیقی طریقہ کار کو مدنظر رکھتے ہوئے عبارت کے شروع اور آخر میں مقررہ فاصلہ(0.5)دے کر لکھنا نیز آیات، احادیث اور اقوال(جہاں عربی عبارات ہوں)کا عربی فونٹ(المصحف)مع اعراب کے ہونا ضروری ہے۔

7. کاغذ کا سائز 8.6×11.6 انچ A4 ہو۔ جلد بندی کی طرف سے حاشیہ 1.25 انچ اور دوسری جانب کا 0.75 انچ ہو۔ اوپر اور نیچے کا حاشیہ ایک انچ ہو (حاشیہ کا مطلب ہوتا ہے کہ Layout کو اوپن کر کے Margins میں جاکر مذکورہ بالا ہدایات کے مطابق صفحہ کا سائز چاروں جانب سے ایڈجسٹ کرلینا، بعض طلبہ کرام اس سے مراد کاغذ پر لگانے والا حاشیہ سمجھ لیتے ہیں اور صفحہ کی چاروں جانب یہ حاشیہ لگاتے بھی ہیں جو کہ درست نہیں)۔

8. ہر صفحے پر نمبر درمیان میں اوپر کی طرف لکھا جائے(نمبر لکھنے کے لئے کسی بھی قسم کی بریکٹ یا کالم یا باکس کا استعمال ہرگز نہ کیا جائے بلکہ صرف سادہ انداز میں نمبر لکھا جائے مثلاً 26 وغیرہ)۔

9. حوالہ جات و حواشی سمیت فی صفحہ سطور کی تعداد 26-24 ہونی چاہیے۔

مختلف عنوانات کا سائز درج ذیل ہے:

- ابواب کے عنوانات 30 تا 36 بولڈ فونٹ 30-36pt
- فصول 24 بولڈ فونٹ 24pt
- ذیلی عنوانات 18 بولڈ فونٹ 18pt
- تحریر کا سائز اصل متن سولہ فونٹ 16pt
- اور حاشیہ 13 فونٹ 13pt پر مشتمل ہونا چاہیے۔

10. ہر باب متوازن فصول پر مشتمل ہو اور تمام ابواب کی فصول حجم و ضخامت میں مناسب و موزوں ہوں۔

11. جدید طرزِ تصنیف اپناتے ہوئے ہر باب کے آغاز میں پہلے ایک صفحہ پر جلی(بولڈ) حروف سے باب کا نام لکھا جائے۔ صفحہ کی عقبی جانب خالی چھوڑ دی جائے اور اگلے صفحہ(سامنے / بائیں جانب والے)سے تحریر کا آغاز کیا جائے۔

تنبیہ: پرنٹ نکالتے وقت اس چیز کا بالخصوص اہتمام کیا جائے کہ صفحہ کی ایک جانب ہی پرنٹ نکالیں نہ کہ دونوں سائیڈ پر۔

12. ذیلی عناوین صفحہ کے دائیں جانب جلی (بولڈ) حروف سے لکھیں۔

13. تحریر میں پیرابندی اور رموزِ کتابت وعلاماتِ وقف (،۔؟""!...) وغیرہ کالحاظ رکھا جائے۔

14. اختتام پر اپنے اخذ کردہ نتائج اور اگر رائے میں "تفرد" ہو تو اس کا نمایاں اظہار ہو۔

15. حوالہ جات اور حواشی ہر صفحے کے نیچے (Footnote) کی صورت میں ہی دیئے جائیں۔

16. متن میں موجود ابہام کی وضاحت حاشیہ میں کی جائے یا قوس خاص [......] (...) لگا کر اس کے درمیان لکھا جائے۔

17. حوالہ دینے کے اصول:

I. حوالہ دیتے وقت پہلی جگہ مکمل حوالہ لکھا جائے۔ تقریباً تمام کتبِ حدیث مخرج و محقق دستیاب ہیں اس لیے حوالہ میں رقم الحدیث، باب وفصل کا تذکرہ بھی کر دیا جائے تاکہ متعلقہ طبع دستیاب نہ ہونے کی صورت میں بھی اصل متن تک رسائی ممکن ہو سکے۔

II. یاد رہے! حوالہ لکھتے وقت بہت احتیاط کریں کہ ممتحن آپ کے لکھے حوالہ جات کو چیک کریں گے، بے احتیاطی یا غلط حوالہ جات تحریر کرنے کی صورت میں دیانتِ علمی کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ آپ امتحان میں ناکام قرار پائیں گے۔

کتبِ حدیث کے علاوہ دیگر کتب کا حوالہ دینے کا طریقہ:

- پہلی مرتبہ حوالہ: ابن کثیر، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، بیروت، مکتبۃ المعارف، 1990ء، ج13، ص80۔
- دوبارہ حوالہ دیں تو شہر، مکتبہ اور سنِ اشاعت نہیں لکھنا: ابن کثیر، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج13، ص82۔
- دو حوالہ جات ایک ہی جیسے ہوں تو دوسرے حوالہ کی جگہ ایضاً لکھا جائے گا۔

کتبِ حدیث کا حوالہ دینے کا طریقہ:

- قشیری، مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب الطہارۃ، باب فضل الوضوء، رقم الحدیث: 534۔
- ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابی داؤد، کتاب الترجل، باب فی اصلاح الشعر، رقم الحدیث: 4163

آیات قرآنیہ کا حوالہ دینے کا طریقہ:

- آیاتِ قرآنیہ میں سورۃ کا نام، نمبر، اس کے بعد آیت نمبر لکھیں مثلاً: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 14 کو یوں لکھیں: (البقرہ2:14)

18. مقالہ کے آخر میں آیات قرآنیہ، احادیث مبارکہ، اعلام واماکن اور مصادر ومراجع کی فہرست کا التزام کیا جائے۔

نوٹ: اعلام واماکن اور مصادر ومراجع کی فہرست بناتے وقت الف بائی ترتیب کا لازمی خیال رکھا جائے۔

19. ہر مقالہ نگار "نتیجہ از ممتحن" پُر فارم کاپی کر کے اپنے مقالے کے آغاز میں (ٹائٹل پیج سے بھی پہلے) لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

20. مقالہ رجسٹرڈ ہونے کے بعد کسی بھی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

21. مقالہ جمع کروانے کی آخری تاریخ 01 شعبان المعظم ہے۔ مقالہ لکھنے کے بعد امیدوار اپنا مقالہ ادارے کے پرنسپل کو جمع کروائے اور پرنسپل صاحبان تمام امیدواران کے مقالہ جات کو ایک جگہ جمع کر کے شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ کو اچھی کوریئر سروس کے ذریعے ارسال کریں۔

نوٹ: پرنسپل ادارہ کوئی بھی مقالہ جمع کرنے سے پہلے چیک کر لے کہ اس پر مشرف کے تصدیقی دستخط ہیں یا نہیں۔ اگر نہ ہو تو مقالہ جمع نہ کرے بلکہ امیدوار کو پابند کرے کہ وہ مشرف سے اس پر دستخط کروا کر جمع کروائے۔

نوٹ: مقالہ جات کی سافٹ کاپی شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ کے میل آئی ڈی پر میل کرنا لازم ہو گا، یہ کام پرنسپل ادارہ کے ذمہ ہو گا۔

میل آئی ڈی برائے شعبۃ الامتحانات بوائز : examination.male@kanz-ul-madaris.org

پوسٹل ایڈریس برائے شعبۃ الامتحانات بوائز : شعبۃ الامتحانات، کنز المدارس بورڈ، ایوب کالونی نمبر 1، گلی نمبر 4، سابقہ انمول ہسپتال، جھنگ روڈ، فیصل آباد،041-8505958

میل آئی ڈی برائے شعبۃ الامتحانات گرلز : examination.female@kanz-ul-madaris.org

پوسٹل ایڈریس برائے شعبۃ الامتحانات گرلز : شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ، 5th فلور مکتبۃ المدینہ (دعوت اسلامی)، گنج بخش R-6-92روڈ، داتا دربار مارکیٹ، لاہور،042-37300726

22. رجسٹرڈ مقالہ پورا کرنے کی مدت زیادہ سے زیادہ 2 سال ہو گی؛ مثلاً دسمبر 2024 میں مقالہ رجسٹرڈ ہوا تو دسمبر 2026 تک وہی مقالہ پورا کیا جا سکتا ہے۔

23. ایک ہی موضوع کے تحت اگر کئی باحثین (Researcher) کی تحقیقات ہوں تو سب کا مواد و انداز مختلف ہونا ضروری ہے، وگرنہ Plagiarism شمار کیا جائے گا اور سب کا کام منسوخ کر دیا جائے گا، نیز اگر کسی کا مقالہ صلب موضوع میں یا نقل کے سبب مسترد ہوتا ہے تو اسے ضمنی کاموں مثلاً فہارس وغیرہ کے نمبرات بھی نہیں ملیں گے کیونکہ مقالہ کے ضمنی کام صلب موضوع ہی کے تابع ہیں۔

24. باحث یعنی مقالہ نگار کے کام کو منسوخ یا قبول کرنے کی مجاز کنز المدارس بورڈ کی طرف سے متعین کردہ مجلس ہو گی۔

25. عالمیہ کے مقالہ میں پاس ہونے کے لئے کم از کم 40 جبکہ تخصص کے مقالے میں پاس ہونے کے لیے کم از کم 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔200 نمبرز کا 40 فیصد 80 نمبرز جبکہ 200 نمبرز کا 50 فیصد 100 نمبر ہیں۔

26. محقق اگر اپنا مقالہ شائع کروانا چاہتا ہو تو وہ اشاعت سے قبل تحریری اجازت نامہ حاصل کرے۔

### مقالہ کی تاریخ میں توسیع کرانے کا طریقہ کار:

(الف) اگر امیدوار مقررہ مدت تک مقالہ مکمل نہ کر سکے تو مدت میں توسیع کے لئے رجب المرجب کے تیسرے ہفتے میں شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ کو درخواست دینا ضروری ہے۔ درخواست میں مقالہ مکمل نہ ہونے کی وجوہات درج کر کے نگران مقالہ کی تصدیق کیساتھ درخواست جمع کروانا ضروری ہے۔

(ب) اگر کنٹرولر امتحانات اگر امیدوار کے بیان کردہ معقول عذر سے مطمئن ہوں تو مقالہ جمع کروانے کی مدت میں توسیع کر سکتے ہیں۔

**کنز المدارس بورڈ** **Kanz-ul-Madaris Board**